Maulana Azad National Urdu University

M.Phil./PhD (Women's Studies)

Course Work Examination December 2017

Paper III: Broad Field - Gender and Society (PHWS102DST)

Time : 3 hrs | Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ - اول

سوال (1)

(i) ''صنفی مساوات'' سے کیا مراد ہے۔

(ii) خواتین کی بااختیاری (Empowerment) کی تشریح کیجیے۔

(iii) کام کی جنسی تقسیم سے کیا مراد ہے۔

(iv) ہندوستان میں مادہ جنین کشی کی وجوہات پر مختصر نوٹ لکھیے ۔

(v) ''خواتین کا کام غیر پیداواری کام'' کے مفہوم کی وضاحت کیجیے۔

(vi) کثیر زوجگی نظام سے کیا مراد ہے۔

(vii) ''تشدد'' کی تشریح کیجیے۔

(viii) مردمرکوزیت (Phallocentrism) کی تشریح کیجیے۔

(ix) ''عورت کی محکومیت'' کسے کہتے ہیں۔

(x) دیوداسی نظام سے کیا مراد ہے۔

P.T.O

حصہ - دوم

(2) ''جنس اور صنف'' کے مفہوم کی وضاحت کیجیے اور صنفی امتیازات کی چند مثالوں کی نشاندہی کیجیے۔

(4) ''صنفی تشدد'' کے نتیجے میں خواتین پر مرتب ہونے والے اثرات کا تانیثی جائزہ لیجیے۔

(4) سماج میں ''مساواتِ مرد وزن'' کے تصور کو عام کرنے کے لیے کون سے اقدامات اپنائے جائیں۔لکھیے۔

(5) ''پدرشاہی نظام'' سے کیا مراد ہے۔ ہندوستانی خواتین پر اس نظام کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

6) ہندوستان میں مسلم خواتین کی حاشیائی حیثیت کے اسباب پر روشنی ڈالیے۔

(7) طبقاتی نظام سے کیا مراد ہے۔ ہندوستان میں پسماندہ طبقات کی خواتین کو کن مسائل کا سامنا ہے۔

(8) صنف کی تشکیل میں میڈیا کے رول پر ایک تنقیدی جائزہ تحریر کیجیے۔

(9) ہندوستان میں معمر و معذور خواتین کے مسائل کا احاطہ کیجیے۔

حصہ - سوم

(10) صنفی کردار (Gender Role) سے کیا مراد ہے۔ ہندوستانی سماج میں ''صنفی کردار کے سماجیانہ'' میں کون کون سے عوامل کارفرما ہوتے ہیں ان کی تفصیل لکھیے۔

(11) ہندوستانی سماج میں تہذیبی روایات و رسومات کو کس حد تک اہمیت حاصل ہے۔ان روایات سے عورت کی حیثیت کس طرح متاثر ہوتی ہے۔مفصل بیان کیجیے۔

(12) ہندوستانی سماج کی ساخت سے بحث کیجیے اور بتائیے کہ ہندوستانی معاشرے میں ''عورت'' کے متعلق کونسے متضاد نظریات پائے جاتے ہیں۔

(13) عصرِ حاضر کے ہندوستان میں خواتین کے خلاف جاری جرائم کا احاطہ کیجیے اور لکھیے کہ اس کی روک تھام میں قانون اور نظم وضبط کیوں ناکام نظر آتا ہے۔

(14) ''عورت پیدا نہیں ہوتی بلکہ بنائی جاتی ہے۔'' ہندوستانی سماج کے تناظر میں اس نظریہ کی وضاحت کیجیے اور مثالوں کے ذریعہ ثابت کیجیے۔

☆☆☆